ایصال ثواب کرنے سے نیکیاں کم نہیں ہوتیں

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1497

تاریخ اجراء: 23 شعبان المعظم 1444ھ/16مارچ2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر ہم کسی کو ایصالِ ثواب کر دیں، تو کیا ہمارے نامہ اعمال میں کچھ نہیں رہے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

مسلمانوں کو ایصالِ ثواب کرنا نہایت مستحسن عمل ہے، جس کو ایصال کیا جائے، اسے بھی پہنچتا ہے اور ایصالِ ثواب کرنے والا بھی اجر و ثواب سے محروم نہیں رہتا، اس کے عمل کا اجر اس کے لئے بھی باقی رہتا ہے، بلکہ جتنے افراد کو ایصال کیا جائے، ان سب کی گنتی کے برابر ایصال کرنے والے کو بھی نیکیاں ملتی ہیں۔

ردالمحتار علی الدرالمختار میں ہے "وقدمنا في الزكاة عن التتارخانية عن المحيط الأفضل لمن يتصدق نفلا أن ينوي لجميع المؤمنين والمؤمنات لأنها تصل إليهم ولا ينقص من أجره شيء .اهـ" ترجمہ: ہم کتاب الزکوۃ میں بحوالہ محیط تاتارخانیہ کے حوالے سے ذکر کر آئے کہ نفلی صدقہ کرنے والے کے لئے افضل یہی ہے کہ وہ تمام مؤمنین ومؤمنات کو ثواب پہنچانے کی نیت کرے کہ انہیں ثواب پہنچتا ہے اور اس پہنچانے والے کے اجر میں بھی کمی نہ ہوگی۔ (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ج2، ص595، دارالفکر، بیروت)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "قول فیصل وسخن مجمل درین باب آنست کہ ایصال ثواب وہدیہ اجر باموات مسلمین باجماع کافہ اہلسنت وجماعت امریست مرغوب ودرشرع مندوب" ترجمہ: اس باب میں قول فیصل اور اجماع کلام یہ ہے کہ مسلمان مُردوں کو ثواب پہنچانا اور اجر ہدیہ کرنا ایک پسندیدہ اور شریعت میں مندوب امر ہے جس پر تمام اہل سنت وجماعت کا اجماع ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج9، ص571، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: ”لاکھوں ہو تو لاکھوں کو اتنا ہی ثواب پہنچے گا اور قاری کا ثواب کم نہ ہو گا، بلکہ بعدد اموات ترقی کرے گا۔ حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ”من قرأ الاخلاص احدی عشر مرۃ ثم وھب اجرھا للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات“ یعنی جو سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر اموات مسلمین کو اس کا ثواب بخشے بعدد اموات اجر پائے۔ (فتاوی رضویہ، ج9، ص631، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: ”ہر شخص کو افضل یہی کہ جو عمل صالح کرے اس کا ثواب اولین وآخرین احیاء واموات تمام مومنین ومومنات کے لیے ہدیہ بھیجے سب کو ثواب پہنچے گا اور اُسے اُن سب کے برابر اجر ملے گا۔ (فتاوی رضویہ، ج9، ص617، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net